# حدیث قدسی لَوْلَاک کا حوالہ

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

یہ جو حدیثِ قدسی ہے کہ "اے محبوب صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وصحبہ وسلم !اگر میں تمہیں نہ بناتا تو اس کائنات کو نہ بناتا" آپ یہ حدیث ریفرنس کے ساتھ بھیج سکتے ہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

یہ حدیثِ قدسی درج ذیل کتب میں موجود ہے اور ان میں یہ الفاظ ہیں: "ولولاك ما خلقتُ الدنیا" یعنی: اگر آپ نہ ہوتے تو میں دنیا کو پیدا نہ کرتا۔ (مواھب اللدنیۃ، جلد1، صفحہ55، مطبوعہ مصر)(تاریخ دمشق لابن عساکر، جلد3، صفحہ518، دار الفکر، بیروت)(موجبات الجنۃ، باب ان الجنۃ خلقت لنبینا علیہ الصلوۃ والسلام، صفحہ282، عباد الرحمن)(الفردوس بماثور الخطاب، جلد5، صفحہ227، حدیث: 8031، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4113

تاریخ اجراء: 16صفر المظفر1447ھ/11اگست2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net